روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FR-10

الفضل

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

پیر 23 جنوری 2012ء 28 صفر 1433 ہجری 23 صلح 1391 ہش جلد 62-97 نمبر 19

نواسے کے لئے دعا

حضرت ابو ہریرہ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ دن کے (پچھلے) پہر نکلے اور بنی قینقاع کے بازار میں آئے اور حضرت فاطمہؓ کے صحن مکان میں بیٹھ گئے اور فرمایا: کیا بچہ یہیں ہے؟ کیا بچہ یہیں ہے؟ (آپؐ کی مراد حضرت حسنؓ سے تھی) تو (حضرت فاطمہؓ نے) کچھ دیر اسے روکے رکھا۔ جس سے میں سمجھا کہ وہ اسے نہلا رہی ہیں۔ اتنے میں وہ دوڑا آیا۔ اس کے آتے ہی آپؐ نے اسے گلے لگایا اور اسے بوسہ دیا اور فرمایا: اے اللہ! اسے اپنا محبوب بنائیو اور اس شخص سے بھی محبت کریئو جو اس سے محبت رکھے۔

(صحیح بخاری کتاب البیوع باب ما ذکر فی الاسواق حدیث نمبر 1979)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

خدا تعالیٰ کے انعامات جو دوسرے لفظوں میں فیوض کہلاتے ہیں انہی پر نازل ہوتے ہیں جو اپنی زندگی کی خدا کی راہ میں قربانی دے کر اور اپنا تمام وجود اس کی راہ میں وقف کر کے اور اس کی رضا میں محو ہو کر پھر اس وجہ سے دعا میں لگے رہتے ہیں کہ تا جو کچھ انسان کو روحانی نعمتوں اور خدا کے قرب اور وصال اور اس کے مکالمات اور مخاطبات میں سے مل سکتا ہے وہ سب ان کو ملے اور اس دعا کے ساتھ اپنے تمام قویٰ سے عبادت بجالاتے ہیں اور گناہ سے پرہیز کرتے اور آستانہ الٰہی پر پڑے رہتے ہیں اور جہاں تک ان کے لئے ممکن ہے اپنے تئیں بدی سے بچاتے ہیں اور غضب الٰہی کی راہوں سے دور رہتے ہیں۔ سو چونکہ وہ ایک اعلیٰ ہمت اور صدق کے ساتھ خدا کو ڈھونڈتے ہیں۔ اس لئے اس کو پالیتے ہیں اور خدا تعالیٰ کی پاک معرفت کے پیالوں سے سیراب کئے جاتے ہیں۔ اس آیت میں جو استقامت کا ذکر فرمایا یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ سچا اور کامل فیض جو روحانی عالم تک پہنچاتا ہے، کامل استقامت سے وابستہ ہے اور کامل استقامت سے مراد ایک ایسی حالت صدق و وفا ہے جس کو کوئی امتحان ضرر نہ پہنچا سکے۔ یعنی ایسا پیوند ہو جس کو نہ تلوار کاٹ سکے نہ آگ جلا سکے اور نہ کوئی دوسری آفت نقصان پہنچا سکے۔ عزیزوں کی موتیں اس سے علیحدہ نہ کر سکیں۔ پیاروں کی جدائی اس میں خلل انداز نہ ہو سکے۔ بے آبروئی کا خوف کچھ رعب نہ ڈال سکے۔ ہولناک دکھوں سے مارا جانا ایک ذرہ دل کو نہ ڈرا سکے۔ سو یہ دروازہ نہایت تنگ ہے۔ اور یہ راہ نہایت دشوار گذار ہے۔ کس قدر مشکل ہے۔ آہ! صد آہ!!

(اسلامی اصول کی فلاسفی۔ روحانی خزائن جلد 10 ص 382)

یتیم کی کفالت کی ذمہ داری

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے ایمان افروز خطبہ جمعہ فرمودہ 26 فروری 2010ء میں کفالت یتامیٰ کے موضوع پر بڑی تفصیل سے روشنی ڈالی۔ جس میں احمدی یتیم بچے اور بچیوں کی تربیت اور نگہداشت و مالی معاونت کی طرف تمام احباب جماعت کو عموماً و مخیّر حضرات کو خصوصاً یتامیٰ فنڈ میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی تحریک فرمائی ہے۔

حضور انور نے فرمایا:۔

’’یتیم جو بعض لحاظ سے بعض اوقات احساسِ کمتری کا شکار ہو کر اپنی صلاحیتیں ضائع کر دیتے ہیں ان کی ایسے رنگ میں تربیت ہو کہ وہ انہیں بہترین شہری بنا دے۔ معاشرہ کا بہترین فرد بنا دے۔ پس نہ زیادہ سختیاں اچھی ہیں، نہ ضرورت سے زیادہ نرمی۔ بلکہ نیک نیتی کے ساتھ اپنے بچوں کی طرح ان کی تربیت کرنا ضروری ہے۔ اور جس طرح ماں باپ کے سائے تلے رہنے والے بچے کا حق ہے اسی طرح ایک یتیم کا بھی حق ہے‘‘۔

حضور انور نے یتامیٰ کی مالی معاونت کے بارہ میں فرمایا ’’اسی طرح پاکستان کے جو مخیّر احمدی حضرات ہیں، صاحبِ حیثیت ہیں، ان کو بھی توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ یتیموں کے فنڈ میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں‘‘۔

(روزنامہ الفضل 13 اپریل 2010ء)

حضور انور کے اس بابرکت ارشاد کی روشنی میں تمام احباب کی خدمت میں عموماً و مخیّر حضرات کی خدمت میں خصوصاً مودبانہ عرض ہے کہ ارشاد خداوندی فاستبقوا الخیرات کی روح کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کار خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔

اللہ تعالیٰ تمام احباب کے اموال و نفوس میں غیر معمولی برکت ڈالے اور معاشرے کے اس قابل رحم طبقے کی زیادہ سے زیادہ معالی معاونت کر کے ان کی دعاؤں کے مستحق بننے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

(سیکرٹری کمیٹی کفالت یکصد یتامیٰ ربوہ)

ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام

27 جنوری 2012ء

5:15 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
5:40 am	تلاوت قرآن کریم
5:55 am	جاپانی سروس
6:10 am	گفتگو پروگرام
6:40 am	لقاء مع العرب
7:45 am	ترجمۃ القرآن
8:50 am	غزوات النبی ﷺ
9:50 am	جلسہ سالانہ یوکے 2011ء
11:05 am	تلاوت قرآن کریم
11:20 am	درس حدیث
11:30 am	گفتگو پروگرام
12:10 pm	گلشن وقف نو
1:15 pm	سرائیکی سروس
2:10 pm	راہ ھدیٰ
3:45 pm	انڈونیشین سروس
4:50 pm	تلاوت قرآن کریم
5:00 pm	سپاٹ لائیٹ
6:00 pm	خطبہ جمعہ Live
7:10 pm	درس حدیث
7:20 pm	بنگلہ سروس
8:25 pm	رئیل ٹاک
9:30 pm	خطبہ جمعہ فرمودہ 27 جنوری 2012ء
11:00 pm	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
11:20 pm	جلسہ سالانہ یوکے 2011ء

28 جنوری 2012ء

12:45 am	یسرنا القرآن
1:05 am	فقہی مسائل
1:35 am	خطبہ جمعہ فرمودہ 27 جنوری 2012ء
3:00 am	ان سائیٹ
3:20 am	راہ ھدیٰ
5:00 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
5:20 am	تلاوت قرآن کریم
5:35 am	بین الاقوامی جماعتی خبریں
6:05 am	لقاء مع العرب
7:10 am	فقہی مسائل
7:40 am	خطبہ جمعہ فرمودہ 27 جنوری 2012ء
8:55 am	سیرت صحابیات ﷺ
9:25 am	راہ ھدیٰ
11:00 am	تلاوت قرآن کریم اور درس حدیث
11:35 am	بین الاقوامی جماعتی خبریں
12:10 pm	الترتیل
12:40 pm	اطفال الاحمدیہ جرمنی اجتماع
1:40 pm	سوال و جواب
2:35 pm	خطبہ جمعہ فرمودہ 27 جنوری 2012ء
3:45 pm	انڈونیشین سروس
4:50 pm	تلاوت قرآن کریم
5:00 pm	بچوں کیلئے دینی کہانیاں
5:20 pm	پاکستان کے دلکش نظارے
5:55 pm	انتخاب سخن LIVE
6:55 pm	بنگلہ سروس
7:55 pm	گلشن وقف نو
9:05 pm	راہ ھدیٰ LIVE
10:45 pm	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
11:00 pm	گلشن وقف نو

29 جنوری 2012ء

12:15 am	فیتھ میٹرز
1:15 am	بین الاقوامی جماعتی خبریں
2:00 am	انتخاب سخن
3:05 am	راہ ھدیٰ
5:00 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
5:15 am	خطبہ جمعہ فرمودہ 27 جنوری 2012ء
6:30 am	تلاوت قرآن کریم
7:00 am	لقاء مع العرب
8:05 am	خطبہ جمعہ فرمودہ 27 جنوری 2012ء
9:15 am	سٹوری ٹائم۔بچوں کیلئے دینی کہانیاں
9:30 am	یسرنا القرآن
10:00 am	فیتھ میٹرز
11:00 am	تلاوت قرآن کریم
11:35 am	یسرنا القرآن
11:55 am	Beacon of Truth (سچائی کا نور)
1:00 pm	فیتھ میٹرز
2:05 pm	لجنہ اماء اللہ جرمنی اجتماع 2011ء
3:05 pm	انڈونیشین سروس
4:05 pm	سپینش سروس
5:10 pm	تلاوت قرآن کریم اور درس حدیث
5:40 pm	سٹوری ٹائم۔بچوں کیلئے دینی کہانیاں
6:00 pm	بنگلہ سروس
7:00 pm	خطبہ جمعہ 27 جنوری 2012ء
8:15 pm	گلشن وقف نو
9:25 pm	فیتھ میٹرز
10:30 pm	الترتیل
11:00 pm	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
11:25 pm	Beacon of Truth (سچائی کا نور)

30 جنوری 2012ء

12:30 am	رئیل ٹاک
1:35 am	فوڈ فار تھاٹ
2:10 am	جلسہ سالانہ جرمنی اجتماع
3:10 am	خطبہ جمعہ فرمودہ 27 جنوری 2012ء
4:25 am	رفقائے احمد
5:00 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
5:20 am	تلاوت قرآن کریم
5:35 am	یسرنا القرآن
5:55 am	بین الاقوامی جماعتی خبریں
6:30 am	لقاء مع العرب
7:35 am	فوڈ فار تھاٹ
8:10 am	خطبہ جمعہ فرمودہ 27 جنوری 2012ء
9:20 am	رفقائے احمد
9:55 am	فیتھ میٹرز
11:05 am	تلاوت قرآن کریم
11:40 am	بین الاقوامی جماعتی خبریں
12:15 pm	ہمارا آقا
12:50 pm	گلشن وقف نو
2:00 pm	فرنچ پروگرام
3:00 pm	انڈونیشین سروس
4:15 pm	جلسہ سالانہ تقاریر
5:00 pm	تلاوت قرآن کریم
5:15 pm	بین الاقوامی جماعتی خبریں
6:00 pm	بنگلہ سروس
7:00 pm	خطبہ جمعہ فرمودہ 14 اپریل 2006ء
8:20 pm	جلسہ سالانہ تقاریر
8:55 pm	درس حدیث
9:20 pm	راہ ھدیٰ
11:00 pm	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
11:30 pm	عربی سروس

31 جنوری 2012ء

12:35 am	لقاء مع العرب
1:35 am	بین الاقوامی جماعتی خبریں
2:10 am	گلشن وقف نو
3:15 am	سفر بذریعہ ایم۔ٹی۔اے
3:45 am	خطبہ جمعہ فرمودہ 14 اپریل 2006ء
5:00 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
5:10 am	تلاوت قرآن کریم
5:25 am	ہمارا آقا
6:00 am	ان سائیٹ
6:15 am	لقاء مع العرب
7:20 am	آرٹ نمائش
8:00 am	فرنچ پروگرام
9:00 am	ہمارا آقا
9:35 am	خدام الاحمدیہ جرمنی اجتماع 2011ء
11:00 am	تلاوت قرآن کریم اور درس ملفوظات
11:30 am	ان سائیٹ
12:00 pm	فوڈ فار تھاٹ
12:35 pm	یسرنا القرآن
1:00 pm	گلشن وقف نو
2:00 pm	سوال و جواب
3:05 pm	انڈونیشین سروس
4:00 pm	سندھی سروس
5:00 pm	تلاوت قرآن کریم
5:15 pm	درس ملفوظات
5:20 pm	ان سائیٹ
5:30 pm	بنگلہ سروس
6:35 pm	جلسہ سالانہ قادیان
7:45 pm	یسرنا القرآن
8:25 pm	گفتگو پروگرام
9:00 pm	فوڈ فار تھاٹ
9:35 pm	راہ ھدیٰ
11:10 pm	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
11:30 pm	Beacon of Truth (سچائی کا نور)

یکم فروری 2012ء

12:30 am	عربی سروس
1:45 am	ان سائیٹ
2:00 am	بستان وقف نو
2:50 am	جلسہ سالانہ یو۔کے
4:00 am	رئیل ٹاک
5:05 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
5:20 am	تلاوت قرآن کریم اور درس ملفوظات
5:50 am	الترتیل
6:30 am	لقاء مع العرب
7:30 am	عربی سیکھئے
8:00 am	فوڈ فار تھاٹ
8:45 am	سوال و جواب
9:55 am	جلسہ سالانہ قادیان 2011ء
11:00 am	تلاوت قرآن کریم
11:15 am	دعائے مستجاب
11:50 am	یسرنا القرآن
12:15 pm	حضرت مسیح ناصریؑ کا اصل پیغام
12:55 pm	چلڈرن کلاس
2:15 pm	سوال و جواب
3:05 pm	انڈونیشین سروس
4:05 pm	سواحیلی سروس
5:20 pm	تلاوت قرآن کریم
5:50 pm	الترتیل
6:20 pm	خطبہ جمعہ فرمودہ 28 اپریل 2006ء
7:10 pm	بنگلہ سروس
8:25 pm	چلڈرن کلاس
9:35 pm	فقہی مسائل
10:10 pm	دعائے مستجاب
11:00 pm	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
11:20 pm	سوال و جواب

باقی صفحہ 12 پر

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ | مطبع: ضیاء الاسلام پریس | مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ | قیمت 5 روپے

مکرم ڈاکٹر مرزا سلطان احمد صاحب

قراردادِ لاہور۔ چند تاریخی حقائق

تقسیم ہندوستان کے میمورنڈم کے اصل حقائق کیا تھے

(قسط اول)

حضرت چوہدری ظفر اللہ خان صاحب کی خدمات کا دائرہ بہت وسیع ہے اور ایک طویل مدت پر پھیلا ہوا ہے۔ مختلف انسانوں کی مختلف طبائع ہوتی ہیں۔ بہت سے لوگ ایسی طبیعت رکھتے ہیں کہ اگر چھوٹا سا مثبت کام بھی کرلیں تو اسے خوب بڑھا چڑھا کر بار بار بیان کرتے ہیں اور بعض احباب کی طبیعت اس کے بالکل برعکس ہوتی ہے۔ بہت سے احباب نے حضرت چوہدری ظفر اللہ خان صاحب کی خود نوشت سوانح حیات ''تحدیث نعمت'' کا مطالعہ کیا ہوگا۔ اس میں دنیا کے بہت سے ان اہم تاریخی واقعات کا ذکر موجود ہے جن میں حضرت چوہدری ظفر اللہ خان صاحب خود اہم کردار ادا کر رہے تھے۔ آپ نے ان واقعات کا اور اپنی کاوشوں کا ذکر 'تحدیثِ نعمت' میں فرمایا ہے لیکن انکسار اور کسرِ نفسی کے ساتھ۔ جبکہ حقیقت یہ ہے کہ آپ نے ان مواقع پر بہت جانفشانی سے نامساعد حالات کا مقابلہ کر کے خدمات سرانجام دی تھیں۔ مثلاً جب 1947ء میں فلسطین کا مسئلہ اقوام متحدہ میں پیش ہوا تو اس وقت حضرت چوہدری ظفر اللہ خان صاحب وہاں پر پاکستان کے مندوب کی حیثیت سے موجود تھے۔ ''تحدیث نعمت'' کے مطالعہ سے یہ تو معلوم ہوجاتا ہے کہ آپ نے اس موقع پر فلسطین کے عوام کے حقوق کیلئے بہت اہم خدمات کی توفیق پائی۔ لیکن اس دور کی جنرل اسمبلی اور ایڈہاک کمیٹی کی مکمل روئیداد انٹرنیٹ پر بھی موجود ہے۔ مثلاً UNISPAL کی سائٹ پر مل سکتی ہے۔ اس روئیداد کا سرسری تجزیہ بھی اس بات کو واضح کرسکتا ہے کہ جیسا کہ آپ کے مقام کا تقاضا تھا آپ نے ''تحدیث نعمت'' میں اپنی کاوشوں کا ذکر بہت انکسار سے فرمایا ہے اور اصل میں آپ نے نہایت خطرناک حالات میں بڑی مردانگی کے ساتھ دونوں بڑی عالمی طاقتوں کے ہر قسم کے دباؤ کا سامنا کر کے فلسطین کے مظلوم عوام کے حقوق کا دفاع فرمایا تھا۔

اسی طرح آپ نے ''تحدیث نعمت'' میں یہ ذکر نہیں فرمایا کہ جب 1940ء میں قرارداد لاہور کا مسودہ تیار کیا جارہا تھا اور ہندوستان کے مستقبل کے آئین پر بحث اپنے عروج پر تھی تو آپ نے اس سلسلہ میں وائسرائے ہند کو کسی قسم کا میمورنڈم تیار کر کے بھجوایا تھا اور یہ کہ اس میمورنڈم کی کاپی حکومت کی طرف سے قائدِ اعظم محمد علی جناح کو اور برطانوی کابینہ میں وزیر ہند کو بھی بھجوائی گئی تھی۔

جن حقائق کا ہم اب ذکر کریں گے وہ شاید پوشیدہ ہی رہتے اگر پاکستان کے مشہور سیاسی لیڈر خان عبد الولی خان صاحب اپنی کتاب Facts are Facts کی تصنیف کے سلسلہ میں انگلستان جا کر پرانی دستاویزات کا مطالعہ نہ کرتے۔ انہوں نے اپنی مذکورہ کتاب میں یہ انکشاف کیا کہ جب 1940ء میں قراردادِ لاہور کے پیش ہونے میں صرف چند ہفتے رہ گئے تھے تو ہندوستان کے وائسرائے لارڈ لینلتھگو (Linlithgo) نے برطانیہ کے سیکرٹری آف سٹیٹ برائے ہندوستان کو 12 مارچ 1940ء کو لکھا تھا۔

Upon my instruction ' Zafrullah wrote a memorandum on the subject, Two Dominion States. I have already sent it to your attention.......................... While he, Zafrullah, cannot admit his authorship, his document has been prepared for adaption by Muslim League with a view to giving it the fullest publicity.'

ترجمہ: میری ہدایات پر ظفر اللہ نے ایک میمورنڈم ''دو آزاد ریاستوں'' کے عنوان سے تحریر کیا تھا۔ اس کو میں آپ کے ملاحظہ کے لئے بھجوا چکا ہوں...... گو ظفر اللہ اس کو تحریر کرنے کا اعلان نہیں کرسکتا، اس دستاویز کو اس لئے تیار کیا گیا ہے کہ مسلم لیگ اس کو اپنا لے اور اس کو پوری طرح شہرت دی جائے۔

(Facts Are Facts : The untold story of India's Partition, by Wali Khan, Published by Vikas Publishing House, sixth print 1988, p29)

اس تحریر کو سمجھنے کے لئے اس کے پس منظر کے بارے میں چند نکات کو سمجھنا ضروری ہے۔

(1) اس وقت حضرت چوہدری ظفر اللہ خان صاحب ہندوستان کی حکومت کے مرکزی وزیر تھے۔ اور وائسرائے کی کونسل میں شامل تھے۔

(2) اس وقت پورے ہندوستان میں اس بات پر پورے زور وشور سے اس بات پر بحث کی جارہی تھی کہ آزادی کے بعد ہندوستان کا آئینی ڈھانچہ کیا ہوگا۔ کیا ہندوستان ایک ملک کی صورت میں آزاد رہے گا یا ایک سے زیادہ ملکوں میں تقسیم ہوجائے گا۔ اور ہر سطح پر اس بارے میں تجاویز تیار کی جارہی تھیں۔

(3) وائسرائے کے اس خط کا یہ مطلب بہرحال نہیں لیا جاسکتا تھا کہ ہندوستان کے مسلمانوں کے لئے علیحدہ ملک کا مطالبہ کی بنیاد صرف یہ میمورنڈم ہی تھا۔ یہ نتیجہ تاریخی حقائق کے خلاف ہوگا کیونکہ یہ مطالبہ کئی سالوں سے مختلف صورتوں میں سامنے آرہا تھا اور اس خط سے بہت پہلے خود آل انڈیا مسلم لیگ کی ایک سب کمیٹی میں اس بارے میں کئی مختلف تجاویز زیر غور تھیں۔ اس خط اور اس میمورنڈم کے منظر عام پر آنے سے صرف یہ حقیقت سامنے آئی تھی کہ اس وقت ہندوستان کی مرکزی حکومت میں بھی ایک ایسا گروہ موجود تھا جو کہ مسلمانوں کے لئے ایک علیحدہ ملک کے مطالبہ کی حمایت کررہا تھا۔ اور ان میں سے حضرت چوہدری ظفر اللہ خان صاحب نے اس مطالبہ کے حق میں ایک میمورنڈم لکھ کر وائسرائے کو بھجوایا تھا اور وائسرائے نے یہ میمورنڈم برطانیہ کی مرکزی حکومت کو اور آل انڈیا مسلم لیگ کو بھی بھجوایا تھا۔ لیکن جیسا کہ ہم بعد میں اس بارے میں بعض نکات درج کریں گے اس حوالے سے اس میمورنڈم کی ایک خاص اہمیت سامنے آتی ہے۔

جب یہ میمورنڈم منظرِ عام پر آیا تو پاکستان میں جنرل ضیاء الحق صاحب کی حکومت تھی۔ جیسا کہ توقع کی جاسکتی تھی اس انکشاف پر کافی ردِ عمل دکھایا گیا۔ اور اس بات کی تردید میں لمبے چوڑے مضمون شائع کئے گئے۔ لیکن اس کا فائدہ یہ ہوُا کہ یہ میمورنڈم شائع ہوگیا۔ اور یہ بھی تاثر پڑتا تھا کہ جو یہ تردیدی مضامین لکھ رہے تھے وہ تاریخی پس منظر سے واقف نہیں تھے۔ کیونکہ وہ ایک دعویٰ پیش کرتے تھے اور اس کے خلاف حوالہ اس کے نیچے درج کردیتے تھے۔ جب اس بحث نے زور پکڑا تو حضرت چوہدری ظفر اللہ خان صاحب نے اصل حقائق پر مضمون لکھ کر روزنامہ پاکستان ٹائمز میں اشاعت کے لئے بھجوایا۔ یہ مضمون 13 فروری 1982ء کی اشاعت میں Ch. Zafrullah Khan explains کے نام سے شائع ہوا۔ اس کی اشاعت کے بعد بہت سے احباب کی آنکھیں کھلیں کہ اصل حقیقت کیا تھی۔ اس وقت تو اس بحث نے دم توڑ دیا اور جیسا کہ اکثر ہوتا ہے ایک عرصہ گذرنے کے بعد اصل حقائق لوگوں کے علم میں نہیں رہتے اور پھر غلط تاثرات کو پھیلانے کا سلسلہ شروع ہوجاتا ہے اور دانستہ یا نادانستہ طور پر صحیح تاریخ کو تعصب کی دھند میں پوشیدہ کرنے کی کوششیں شروع ہوجاتی ہیں۔ کچھ عرصہ بعد اس میمورنڈم کے بارے میں بھی خلافِ واقعہ باتیں مختلف تحریروں میں شائع ہونے لگیں۔

حال ہی میں یہ بحث ایک مرتبہ پھر منظرِ عام پر آئی ہے۔ اور اس کا سبب یہ بنا کہ مکرمہ ثناء بچہ صاحبہ کا ایک مضمون روزنامہ نیوز کی 20 نومبر 2011 کی اشاعت میں شائع ہوا۔ اس میں احمدیوں پر ہونے والے مظالم کا ذکر کرنے کے بعد انہوں نے یہ لکھا کہ

It surprises me that we have forgotten those very people who helped draft the resolution that gave us Pakistan. Mohammad Zafrullah Khan was an Ahmadi but it was he who drafted the Pakistan Resolution and represented the Muslim League's view when it came to deciding future boundary between India and Pakistan.

مکرم صفدر محمود صاحب کا مضمون

جیسا کہ مندرجہ بالا حوالے سے واضح ہے کہ ثناء بچہ صاحبہ نے یہ لکھا تھا کہ چوہدری ظفر اللہ خان صاحب نے ایک میمورنڈم لکھ کر وائسرائے کو بھجوایا تھا اور اس میمورنڈم میں انہی نظریات کی حمایت کی گئی تھی جو کہ بعد میں قراردادِ لاہور کی صورت میں دنیا کے سامنے آئے۔ اس کے بعد مکرم ڈاکٹر صفدر محمود صاحب کا ایک مضمون روزنامہ جنگ کی 27 نومبر 2011 کی اشاعت میں شائع ہوا۔ اس مضمون کا عنوان تھا 'دل پھر طوافِ کوئے ملامت کو جائے ہے۔' اس کالم میں انہوں نے ثنا بچہ صاحبہ کے مضمون کی تردید میں مختلف حوالے پیش کر کے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ

(1) یہ ناممکن ہے کہ قراردادِ لاہور کے حوالے سے قائدِ اعظم، چوہدری ظفر اللہ خان صاحب کی رائے کو کوئی اہمیت دیتے۔

(2) چوہدری ظفر اللہ خان صاحب نے تقسیم ہند کا کوئی فارمولہ پیش ہی نہیں کیا تھا۔

(3) چوہدری ظفر اللہ خان صاحب نے وائسرائے کے لئے ایک نوٹ تیار کیا تھا، جس میں آپ نے چوہدری رحمت اللہ صاحب کی سکیم اور مشرق اور مغرب میں دو مسلمان مملکتوں کے قیام کا جائزہ لے کر مسلمانوں کی علیحدگی کو مسترد کر دیا تھا اور متحدہ ہندوستان کے تصور کی حمایت کی تھی۔

(4) مسلم لیگ نے یہ فیصلہ کیا کہ لاہور کے جلسہ میں یہ قرارداد پیش کی جائے تو انگریزوں نے چوہدری ظفر اللہ خان صاحب کو استعمال کیا کہ وہ یہ

جلسہ ملتوی کرائیں لیکن قائداعظم اپنے فیصلہ پر ڈٹے رہے۔

مکرم ڈاکٹر صفدر محمود صاحب نے اپنے کالم میں زیادہ تر شریف الدین پیرزادہ صاحب کی کتاب Evolution of Pakistan کے حوالوں کا سہارا لیا ہے۔ ہم اس نکات کے تجزیہ کے وقت ان حوالوں کا بھی تجزیہ کریں گے جو مکرم شریف الدین پیرزادہ صاحب نے اپنی اس کتاب میں درج کئے ہیں تاکہ قارئین کے سامنے صحیح حقائق لائے جاسکیں۔

چوہدری ظفراللہ خان صاحب کی رائے کی اہمیت؟

سب سے پہلے ہم پہلے دو نکات کا تجزیہ پیش کرتے ہیں۔ مکرم ڈاکٹر صفدر محمود صاحب لکھتے ہیں کہ

''چنانچہ شریف الدین پیرزادہ ایک بیان کا حوالہ دیتے ہیں جس میں ظفراللہ خان نے برملا تسلیم کیا کہ انہوں نے کبھی بھی تقسیم ہند کا کوئی فارمولہ پیش نہیں کیا اور یہ بھی کہا تھا کہ یہ ناممکن ہے کہ اس حوالے سے قائداعظم ان کی رائے کو کوئی اہمیت دیتے''۔ (صفحہ 208)

یہاں مکرم صفدر محمود صاحب شریف الدین پیرزادہ صاحب کی کتاب Evolution of Pakistan کا حوالہ دے رہے ہیں۔ اب ہم یہ دیکھتے ہیں کہ اس کتاب کے مذکورہ صفحہ پر کیا لکھا ہے اور کس حوالے سے لکھا ہے۔ اس کتاب کے صفحہ 208 پر لکھا ہے۔

Sir Zafrullah, in a public statement denying having ever presented a formula for dividing the subcontinent, said that it was unthinkable that his opinions could have been accepted by the Quaid-e-Azam without any hesitation.

ترجمہ: سر ظفراللہ نے ایک بیان میں اس بات سے انکار کیا تھا کہ انہوں نے کبھی تقسیم برصغیر کا کوئی فارمولہ پیش کیا تھا۔ اور کہا کہ یہ بات تصور میں بھی نہیں لائی جاسکتی کہ قائدِاعظم ان کی رائے کو بغیر کسی جھجک کے قبول کر لیتے۔

بڑے ادب کے ساتھ لیکن اس کے ساتھ بڑے افسوس کے ساتھ عرض ہے کہ مکرم ڈاکٹر صفدر محمود صاحب نے ان جملوں کا صحیح ترجمہ درج نہیں کیا۔ کوئی بھی باہوش لیڈر اور وہ بھی قائدِاعظم جیسا اصول پسند لیڈر کسی اس قسم کے اہم معاملہ میں کسی کی رائے کو بغیر جھجک کے قبول نہیں کر سکتا۔ خواہ تجویز دینے والا قریب ترین ساتھی ہی کیوں نہ ہو۔ ہمیشہ معاملہ کے مختلف پہلوؤں پر غور کیا جاتا ہے، مشورہ کیا جاتا ہے، سیاسی پارٹی کی متعلقہ کمیٹی میں اس معاملہ کی خوب چھان بین کرتی ہے۔ یہ ایک تسلیم شدہ بات ہے۔ لیکن ان جملوں کا یہ ترجمہ بالکل نہیں بنتا کہ قائدِاعظم، چوہدری ظفر اللہ خان صاحب کی رائے کو اس حوالے سے کوئی اہمیت نہیں دیتے تھے۔ لیکن جب ہم مزید آگے جاتے ہیں تو یہ بحث ہی غیر متعلقہ ہو جاتی ہے۔

کیونکہ اس بات کی تائید میں شریف الدین پیرزادہ صاحب نے روزنامہ ڈان کی 21 دسمبر 1981ء کی اشاعت کا حوالہ دیا ہے یعنی حضرت چوہدری ظفراللہ خان صاحب کا یہ بیان روزنامہ ڈان کی اس اشاعت میں شائع ہوا تھا۔ جب ہم نے روزنامہ ڈان کی اس اشاعت کا جائزہ لیا تو معلوم ہوا کہ اس میں حضرت چوہدری ظفراللہ خان صاحب کا کوئی بیان سرے سے شائع ہی نہیں ہوا تھا۔ اس طرح اس مفروضے کی بنیاد ہی ختم ہو جاتی ہے۔ لیکن یہ عجیب صورتِ حال ہے کہ شریف الدین پیرزادہ صاحب جس حوالے سے حضرت چوہدری ظفراللہ خان صاحب کا بیان لکھ رہے ہیں وہ حوالہ موجود نہیں اور مکرم ڈاکٹر صفدر محمود صاحب پیرزادہ صاحب کی طرف جو بات منسوب کر رہے ہیں وہ من وعن پیرزادہ صاحب کی کتاب میں موجود نہیں۔

لیکن اب ہم اس امر کا جائزہ لیتے ہیں کہ کیا قائدِاعظم حضرت چوہدری ظفراللہ خان صاحب کی رائے کو کوئی اہمیت دیتے تھے یا معاملہ اس کے برعکس تھا۔ یہ ایک قدرتی بات ہے کہ قائدِ اعظم کے پائے کے لیڈر کے سامنے ہر قسم کے لوگ اپنی آراء رکھتے ہیں۔ ایسے لیڈر بعض اشخاص کی آراء کو اہمیت دیتے ہیں اور کئی اشخاص کی آراء کو کوئی اہمیت نہیں دیتے۔ ہم قائدِاعظم کے ایک خط کا ایک حصہ درج کرتے ہیں جو کہ آپ نے حسن اصفہانی صاحب کو 1947ء میں لکھا تھا۔ اصفہانی صاحب اس وقت اقوام متحدہ میں پاکستانی وفد کے ممبر تھے۔ اور اس وقت چوہدری ظفراللہ خان صاحب اقوام متحدہ میں مسئلہ فلسطین پر پاکستان کا موقف پیش کر رہے تھے۔ قائدِاعظم لکھتے ہیں۔

As regards Zafrullah, we do not mean that he should leave his work so long as it is neccessory for him to stay there, I think he has already been informed to that effect, but naturally we are very short here of capable men and specially of his calibre, and every now and then our eyes naturally turn to him for various problems that we have to solve.

(Jinnah Papers, vol. VI, compiled by Zarwar Hussain Zaidi, Published by Quaid-e-Azam Papers project. p 165)

ترجمہ: جہاں تک ظفراللہ کا تعلق ہے تو ہمارا مطلب یہ نہیں تھا کہ جب تک اس کا وہاں رہنا ضروری ہے، وہ اپنا کام چھوڑ کر آجائے۔ اور میرے خیال میں اسے بھی اس کی اطلاع دی جا چکی ہے۔ لیکن ظاہر ہے کہ ہمارے پاس یہاں پر قابل آدمیوں کی اور خاص طور پر اس کے پائے کے قابل آدمیوں کی بہت کمی ہے۔ اور ان مسائل کو حل کرنے کے لئے جن کا ہمیں سامنا ہے، ہماری نظریں بار بار اس کی طرف اُٹھتی ہیں۔

مندرجہ بالا حوالے کے بعد اس نکتہ پر مزید بحث کی گنجائش نہیں رہتی۔ اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے صفدر محمود صاحب کے مضمون پر تبصرہ کرتے ہوئے مکرم عامر محمود صاحب نے روزنامہ مشرق کی 29 نومبر 2011ء کی اشاعت میں ایک مضمون بعنوان 'سر ظفراللہ خان کے حوالے سے ایک وضاحت' قلمبند فرمایا اور اس اہم نکتہ کی طرف نشاندہی فرمائی کہ اگر چوہدری ظفراللہ خان متحدہ ہندوستان کے حامی تھے تو قائدِ اعظم نے انہیں پاکستان کا پہلا وزیر خارجہ کیوں مقرر فرمایا تھا؟

کیا اس میمورنڈم میں تقسیم برصغیر کا کوئی فارمولہ تھا؟

اب ہم اس دعوے کا تجزیہ کریں گے کہ حضرت چوہدری ظفراللہ خان صاحب نے کبھی تقسیم برصغیر کا کوئی فارمولہ پیش ہی نہیں کیا۔ جیسا کہ ہم حوالہ درج کر چکے ہیں، مکرم ڈاکٹر صفدر محمود صاحب نے اپنے مضمون میں اس کی تائید میں شریف الدین پیرزادہ صاحب کی کتاب Evolution of Pakistan کے حوالے پیش کئے ہیں۔ اور ہم ذکر کر چکے ہیں پیرزادہ صاحب نے حضرت چوہدری صاحب کے جس بیان کا حوالہ پیش کیا تھا، وہ روزنامہ ڈان کی مذکورہ اشاعت میں موجود ہی نہیں۔ لیکن اس کے علاوہ بھی شریف الدین پیرزادہ صاحب نے اس کتاب کے صفحہ 207 پر یہ دعویٰ پیش کرتے ہیں کہ حضرت چوہدری ظفراللہ خان صاحب نے وائسرائے کو جو نوٹ بھجوایا تھا اس میں آپ نے تقسیم برصغیر کا مختصر ذکر کیا ہے لیکن اس کے ساتھ خدشات کو چھپانے کی کوئی خاص کوشش نہیں کی کہ یہ فارمولہ کامیاب ہوگا کہ نہیں۔ اور پھر متحدہ برصغیر کے فارمولہ کو ترجیح دی ہے۔ لیکن ان کی کتاب میں درج باتوں کی تردید کے لئے ان کی کتاب سے باہر حوالے ڈھونڈنے کی کوئی ضرورت ہی نہیں پڑتی۔ اس صفحہ کے نیچے پیرزادہ صاحب نے یہ نوٹ درج کیا ہے کہ چوہدری ظفراللہ خان صاحب کا نوٹ اس کتاب کے Appendix میں شامل کیا گیا ہے۔ لیکن انہوں نے اپنی کتاب کے آخر میں جو فوٹو کاپی شائع کی ہے وہ اس میمورنڈم کی ہے ہی نہیں جو کہ چوہدری ظفراللہ خان صاحب نے لکھا تھا۔ یہ چند سطروں کا نوٹ ہے جو کہ حضرت چوہدری ظفراللہ خان کی ہاتھ کی لکھی ہوئی تحریر ہے۔ اور اس کے آغاز سے ہی واضح ہو جاتا ہے کہ یہ کوئی میمورنڈم نہیں بلکہ کسی نامعلوم دستاویز میں ترمیم کرنے کے بارے میں حضرت چوہدری ظفراللہ خان صاحب کی تجویز ہے۔ اور یہ تجویز ان الفاظ سے شروع ہوتی ہے۔

I propose the following amendment.

یعنی میں اس ترمیم کی تجویز دیتا ہوں۔ اور پھر لکھا ہے

Where ever Muslims are in a majority they should form a separate unit.

جہاں بھی مسلمان اکثریت میں انہیں ایک علیحدہ یونٹ بنانا چاہئے۔

یہ ایک جملہ ہی واضح کر دیتا ہے کہ شریف الدین پیرزادہ صاحب جو مفروضہ پیش کرنے کی کوشش کر رہے ہیں وہ درست نہیں۔ لیکن سب سے دلچسپ بات یہ کہ اپنی کتاب کے صفحہ نمبر 207 پر پیرزادہ صاحب جن جملوں کا حوالہ دے رہے ہیں کہ چوہدری ظفراللہ خان صاحب نے اپنے میمورنڈم میں یہ جملے لکھے تھے، وہ جملے اس نوٹ میں پائے ہی نہیں جاتے، جس کی کاپی پیرزادہ صاحب نے اپنی کتاب کے appendix میں شامل کی ہے۔ اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ اصل میمورنڈم پیرزادہ صاحب کے علم میں تھا لیکن انہوں نے عمداً اس کی کاپی اپنڈیکس میں شامل نہیں کی کیونکہ اس میمورنڈم کے مندرجات ان مفروضوں کی مکمل تردید کر رہے تھے جن کو ثابت کرنے کیلئے وہ دلائل دے رہے تھے۔ اور پیرزادہ صاحب ماشاء اللہ خود ایک منجھے ہوئے وکیل ہیں ایک سے زیادہ مرتبہ ملک کے وزیر رہ چکے ہیں اور کئی کتابوں کے مصنف ہیں، وہ یہ تو یقیناً جانتے ہیں کہ یہ چند سطروں کا ہاتھ سے لکھا ہوا نوٹ میمورنڈم نہیں کہلا سکتا۔ اور وائسرائے کے خط میں چوہدری ظفراللہ خان صاحب کے لکھے ہوئے میمورنڈم کا ذکر تھا۔ پیرزادہ صاحب کی یہ کتاب پہلی مرتبہ 1995ء میں شائع ہوئی تھی اور اس سے کئی برس پہلے یہ میمورنڈم مکمل طور پر پاکستانی اخبارات میں شائع ہو چکا تھا۔ مثلاً 23 جنوری 1982ء کے پاکستان ٹائمز میں اس میمورنڈم کا مکمل متن شائع ہو گیا تھا۔ اور یہ ایک طویل

میمورنڈم تھا۔ ہم اس کا بنیادی خاکہ پیش کریں گے تاکہ سب خود جائزہ لے سکیں کہ صفدر محمود صاحب کے کالم اور پیرزادہ صاحب کی کتاب میں درج باتیں صحیح ہیں کہ نہیں۔ علاوہ ازیں یہ بات پیش نظر رہنی چاہئے کہ جب 1982 میں خان عبدالولی خان صاحب کی کتاب کی اشاعت کے بعد یہ بحث شروع ہوئی تو 13 فروری 1982 کو روزنامہ ''پاکستان ٹائمز'' کی اشاعت میں حضرت چوہدری ظفر اللہ خان صاحب کا ایک طویل مضمون شائع ہوا تھا کہ انہوں نے تقسیم برصغیر کے بارے میں ایک میمورنڈم وائسرائے کو بھجوایا تھا۔

میمورنڈم کیا تھا؟

اس میمورنڈم کے آغاز میں حضرت چوہدری ظفر اللہ خان صاحب نے واضح کیا تھا کہ ہندوستان کے مستقبل کے دستور کو بنانے کے طریقہ کار کے بارے میں وائسرائے اور گاندھی جی کی طرف سے جو آراء سامنے آئی ہیں مسلمان دونوں سے مطمئن نہیں ہیں۔ پھر ہندوستان کے مسلمانوں کی بے چینی کا ایک بڑا سبب یہ بیان کیا گیا کہ گذشتہ دو سال ہندوستان کے 11 میں سے 9 صوبوں میں کانگرس کی حکومت قائم تھی۔ کانگرس کے لئے یہ ایک اچھا موقع تھا کہ وہ اپنے اصولوں کو عملی شکل میں دکھاتی۔ اگر گاندھی جی کے پیش کردہ نظریات درست ہیں تو ان صوبوں میں امن ہونا چاہئے تھا۔ ہر طرف خوشیاں نظر آنی چاہئے تھیں۔ مختلف مذاہب کے لوگوں کے درمیان خیر سگالی کے جذبات نظر آنے چاہئے تھے۔ لیکن کانگرس کی حکومت سے یہ نتائج نہیں نکلے۔ ہندوستان میں بسنے والی اقلیتیں بالخصوص مسلمان آج پہلے سے بہت زیادہ فکر مند ہیں کہ ان کا مستقبل کیا ہوگا؟

کانگرس کی طرف سے آئندہ قانون ساز اسمبلی کے بارے میں یہ تجاویز سامنے رکھی جا رہی تھیں کہ برطانیہ یہ کام متحدہ ہندوستان کی قانون ساز اسمبلی کے حوالے کرے اور یہ اسمبلی ہندوستان کا آئین بنائے۔ جیسا کہ سب جانتے ہیں ایسی اسمبلی کی اکثریت جب کوئی فیصلہ کرے تو وہ فیصلہ نافذ ہو جاتا ہے۔ اور مسلمانوں کی طرف سے یہ مطالبہ پیش کیا جا رہا تھا کہ وہ متحدہ ہندوستان کی اسمبلی کی اکثریت پر اعتماد نہیں کر سکتے۔ اور مسلمانوں کی رضامندی کے بغیر ہندوستان کے مستقل کے بارے میں کوئی فیصلہ ان کے لئے قابل قبول نہیں ہوگا۔ ان دو آراء کے بارے میں اس میمورنڈم میں جو لکھا گیا وہ یہ تھا۔

A Constituent Assembly of the type demanded by the Congress will never come to any agreement and would only serve to exacerbate the feeling between the different sections of the people in India and bound ultimately to lead to civil war. Any disposition therefore on the part of the British to give countenance to this demand must be interpreted as a direct incitement to civil war.

ترجمہ: جس طرز کی قانون ساز اسمبلی کا کانگرس کی طرف سے مطالبہ کیا جا رہا ہے، وہ کبھی کسی سمجھوتے پر نہیں پہنچے گی اور اس سے صرف ہندوستان میں بسنے والے مختلف گروہوں کے درمیان تلخیوں میں اضافہ ہوگا۔ اور اس کے نتیجہ میں آخرکار لازماً خانہ جنگی شروع ہو جائے گی۔ اور اگر برطانیہ کا رجحان اس تجویز کو قبول کرنے کی طرف ہوا تو اس کا یہ مطلب لیا جائے گا کہ وہ براہ راست خانہ جنگی پر اکسا رہا ہے۔

واضح رہے کہ اس وقت حضرت چوہدری ظفر اللہ خان صاحب وائسرائے کی کابینہ میں وزیر تھے۔ اور ہندوستان کے مسلمانوں کے مفادات کے لئے وائسرائے کو ان سخت الفاظ میں خبردار کیا جا رہا تھا۔ پھر اس میمورنڈم میں لکھا ہے

The results of such an assembly being set up are too apalling and horrible to contemplate and we earnestly hope and pray that this demand will find no support or echo outside congress circles........is the surest proof if proof were still needed, that the Congress is aiming setting up of a totalitarian Hindu State in India and that attempt must be resisted.............................

ایسی اسمبلی کو قائم کرنے کے نتائج اتنے خوفناک اور بھیانک ہیں کہ ان کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔ ہم پورے خلوص سے امید رکھتے ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ کانگرس کے حلقوں سے باہر اس تجویز کو کوئی حمایت نہیں ملے گی اور نہ ہی اس کی کوئی بازگشت سنائی دے گی...... اگر کسی ثبوت کی ضرورت باقی تھی تو یہ اس بات کا یقینی ثبوت ہے کہ کانگرس کا مقصد ہندوستان میں ایک مطلق العنان ہندو ریاست قائم کرنا ہے اور اس کوشش کی مزاحمت کرنی چاہئے۔

اس دور میں برطانیہ کے بہت سے سیاستدان بھی اس بات کو سمجھنے سے قاصر تھے کہ اگر متحدہ ہندوستان کو آزادی دے دی جائے تو آزادی کے بعد ہندوستان کے مسلمانوں کو کس قسم کے مسائل کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ اس پہلو کے متعلق چوہدری صاحب نے تحریر کیا۔

We regret to have to state that the ignorance of average British statesman of conditions in India is complete and profound ...

ہمیں افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ہندوستان کے حالات کے بارے میں اوسط برطانوی سیاستدان کی جہالت مکمل اور بہت گہری ہے۔

پھر آپ نے لکھا کہ مسلمانوں کے لئے وائسرائے کی تقریر کے مضمرات ایسے ہیں کہ صورتحال اس سے بدتر نہیں ہو سکتی تھی۔ چنانچہ مسلمانوں کے لئے ضروری ہو گیا ہے کہ وہ صورتحال کا گہرا تجزیہ کر کے اپنا موقف واضح کریں۔

جیسا کہ سب جانتے ہیں اس وقت ایک طبقہ اس بات پر زور دے رہا تھا کہ برصغیر ایک ملک ہے اور ہر قیمت پر اس کی وحدت برقرار رہنی چاہئے۔ اور ایک اور طبقہ جو کہ زیادہ تر مسلمانوں پر مشتمل تھا یہ رائے دے رہا تھا کہ تاریخی اور معاشی طور پر برصغیر ایک ملک نہیں ہے بلکہ انگریزوں کی آمد کے بعد مختلف ممالک کو ملا کر اسے انتظامی طور پر ایک یونٹ کی شکل دی گئی تھی۔ قرارداد لاہور کے بعد تو یہ بحث بہت زیادہ زور و شور سے شروع ہو گئی تھی۔ اس مسئلہ کے بارے میں چوہدری صاحب نے لکھا۔

We must first realise that India is not a country but a continent or as is more commonly described a subcontinent.

ترجمہ: سب سے پہلے ہمیں یہ سمجھنا چاہئے کہ ہندوستان ایک ملک نہیں بلکہ ایک براعظم ہے یا جیسا کہ زیادہ تر کہا جاتا ہے ایک برصغیر ہے۔

مسئلہ کے حل کی طرف آنے سے پہلے اس میمورنڈم میں مسلمانوں سے ہونے والی زیادتیوں کی تفاصیل بیان کی گئیں۔ مسئلہ کا حل بیان کرتے ہوئے آپ نے Seperation Scheme کے نام سے برصغیر کو تقسیم کرنے کی تجویز پیش کی اور سب سے پہلے اس بات کا اعادہ کیا کہ برصغیر ایک ملک کا نام نہیں بلکہ مختلف ممالک کے مجموعہ کا نام ہے۔ پھر یہ معین تجویز سامنے رکھی۔

Briefly the seperation scheme is that there should be a north eastern federation consisting of present provinces of Assam and Bengal , and a north-western federation consisting of the Punjab, Sind, North- West Frontier province, Baluchistan and the frontier tribal areas. The rest of India may constitute itself into one federation or into more federations than one, as it suits itself

مختصراً یہ کہ (ہندوستان کی) تقسیم کی سکیم یہ ہے کہ شمال مشرق میں بنگال اور آسام کے مشرقی صوبوں کی ایک فیڈریشن ہونی چاہئے۔ اور شمال مغرب میں ایک فیڈریشن بننی چاہئے جو کہ پنجاب، سندھ، شمال مغربی سرحدی صوبہ، بلوچستان اور سرحدی قبائلی علاقہ پر مشتمل ہو۔ باقی ہندوستان کی جیسا کہ وہ مناسب سمجھیں ایک یا ایک سے زیادہ فیڈریشن بنے۔

اس بات کے رد کے طور پر کہ ہندوستان تقسیم نہیں کیا جا سکتا آپ نے لکھا کہ اگر برما کو ہندوستان سے علیحدہ کیا جا سکتا ہے تو اس تقسیم کی تجویز کو کسی طرح ناقابل عمل نہیں قرار دیا جا سکتا اور یہ بھی تجویز کیا گیا کہ ان ممالک کے درمیان ایسے معاہدے ہونے چاہئے کہ دونوں میں اقلیتوں کے ساتھ اچھا سلوک کیا جائے گا۔

اس سکیم کے قابل عمل ہونے کے بارے میں آپ نے لکھا۔

We have no doubt that Muslim opinion throughout India would rally around this scheme and that it is likely to prove the only satisfactory solution of this most troublesome question.

ترجمہ: ہمیں اس میں کوئی شک نہیں کہ پورے ہندوستان کے مسلمان اس تجویز کی تائید کریں گے۔ اور اس پیچیدہ مسئلہ کا یہی واحد تسلی بخش حل نظر آ رہا ہے۔

پڑھنے والے یہ حوالے پڑھ چکے ہیں۔ اب ہم ایک بار پھر اس طرف آتے ہیں کہ شریف الدین پیرزادہ صاحب اس میمورنڈم کے بارے میں اپنی کتاب میں کیا لکھتے ہیں۔ وہ اپنی کتاب Evolution of Pkaistan کے صفحہ 207 پر لکھتے ہیں اس میمورنڈم میں چوہدری ظفر اللہ خان صاحب نے لکھا تھا کہ یہ سکیم ناقابل عمل ہوگی۔ حقائق کی روشنی میں ہم یہی نتیجہ نکال سکتے ہیں کہ پیرزادہ صاحب نے اپنی کتاب میں حقائق کو پیش کرنے سے گریز کیا ہے۔ اور اس غرض کے لئے انہوں نے صحیح میمورنڈم کو اپنی کتاب میں درج نہیں کیا۔

مکرم نصراللہ بلوچ صاحب

محترم ناصر احمد صاحب ظفر بلوچ کا ذکر خیر

میں آج جس شخصیت کا ذکر خیر کر رہا ہوں وہ میرے خالہ زاد بھائی کے علاوہ میرے سسر بھی تھے۔ وہ اردو فارسی کے مشہور شاعر سابق پروفیسر جامعہ احمدیہ مولانا ظفر محمد صاحب ظفر کے ہاں 31 جنوری 1934ء کو فیروز پور انڈیا میں پیدا ہوئے ان کی والدہ ڈاکٹر ظفر حسن صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی بیٹی تھیں اور والد محترم حافظ فتح محمد صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کے بیٹے تھے۔ ان کا تعلق مندرانی بلوچ قبیلہ سے تھا۔ ان کی پیدائش پر الفضل میں جو اعلان دعا شائع ہوا اس میں ان کے لئے نافع الناس وجود ہونے کے لئے جو دعا کی گئی تھی واقعی وہ اس طرح کے ہی انسان ثابت ہوئے۔ وہ پُرکشش اور ہر دلعزیز شخصیت تھے احمدیوں اور غیر از جماعت میں یکساں مقبول تھے۔ ابتدائی تعلیم وہیں حاصل کی قیام پاکستان کے بعد ربوہ کے نزدیک احمد نگر میں قیام پذیر ہوئے۔

زمانہ طالبعلمی میں ہی ان کی شادی خواجہ یوسف بٹ صاحب کارکن بہشتی مقبرہ کی بیٹی رشیدہ بیگم سے ہوگئی۔ جو نہایت نیک سیرت رحمدل اور خوددار خاتون تھیں۔ باپردہ اور باہمت خاتون تھیں۔ غربت کے دنوں میں مکمل طور پر ان کا ساتھ دیا اور ایک ہی کمرے میں دو بھائیوں نے زندگی کے ایام گزارے سیکرٹری یونین کونسل کے طور پر ملازمت کی لیکن ریٹائرمنٹ تک جماعتی خدمات بھی بجالاتے رہے۔ 35 سال تک قائد خدام الاحمدیہ اور پھر صدر جماعت رہے۔ جتنا عرصہ احمد نگر رہے۔ غیر متنازعہ شخصیت کے طور پر پہچانے جاتے تھے۔ وہاں چونکہ احمدیوں کے علاوہ شیعہ اور سنی حضرات بھی تھے۔ مگر سب کے لئے یکساں جذبہ رکھتے تھے اور کوئی بھی کیس پولیس تک نہ جانے دیتے بلکہ خود ہی اپنی بیٹھک میں بلوا کر اس مسئلہ کو حل کرنے کی کوشش کرتے۔ 1974ء میں جب احمدیوں کے خلاف تحریک چلی تو غیر از جماعت لوگوں نے ان کے بڑے بیٹے مبشر احمد ظفر کو درمیان میں لا کر مذہبی فساد پھیلانے کی کوشش کی تو مدبرانہ طریقے سے اپنے ہی بیٹے کو پولیس کے حوالے کر دیا تا کہ فساد نہ بڑھے بہت ذہین اور زیرک انسان تھے۔ خوش لباس تھے۔ صوم و صلوٰۃ کے پابند تھے۔ ہمیشہ کوشش کرتے کہ میرے کسی فیصلہ سے دوسرے فریق کو دکھ نہ پہنچے۔ بعد از ریٹائرمنٹ ربوہ شفٹ ہو گئے اور جماعت کے لئے اپنے آپ کو وقف کر دیا پہلے امور عامہ اور پھر دفتر صدر عمومی کے شعبہ عمومی کے انچارج رہے اور آخری وقت تک وہاں جماعت کی خدمت کرتے رہے۔ سیاسی لوگوں سے رابطہ چونکہ ملازمت کے دوران ہی تھا۔ اس لئے اس تعلق کو برقرار رکھا۔ ایم پی ایز حضرات کے ساتھ ملنا جلنا ان کی خوشی غمی میں شامل ہونا ان کی فطرت میں شامل تھا۔ چونکہ ان کی رہائش ربوہ تھانہ کے قریب تھی اس لئے پولیس والوں سے بھی ہر ممکن تعاون کرتے۔ پولیس والے بھی ان کی بہت عزت کرتے تھے اور خان صاحب کے نام سے پکارتے تھے۔ وہ ایک شفیق باپ تھے۔ ہمدرد اور بے لوث خدمت کرنے والے تھے اور اپنے بچوں کی احسن طریقے سے تربیت کی جس کی وجہ سے آج ان کی اولاد ان کے نقش قدم پر چلتے ہوئے انہی اصولوں کو اپنائے ہوئے ہے اور کامیاب زندگی گزار رہے ہیں۔ پیار خلوص اور محبت کے پیکر تھے۔ اپنے تمام بچوں اور ان کی اولادوں سے بے پناہ پیار تھا اور چھوٹے بیٹے آصف ظفر اور ان کی تین بچیوں کیونکہ وہ ان کے ساتھ ہی رہتے تھے بہت پیار تھا۔

میں اور میری اہلیہ 2002ء میں ڈیرہ سے ربوہ شفٹ ہو گئے اور رحمان کالونی میں رہائش پذیر ہو گئے تھے اس لئے ہر روز نہیں تو ہر دوسرے دن ہمارے ہاں آتے اور ابھی ان کی خاطر تواضع کے لئے پوچھ رہے ہوتے تھے کہ دفتر عمومی سے فون آجاتا کہ آپ آئیں ایک ضروری مسئلہ ہے۔ وہ فوری طور پر ہم سے معذرت کر کے فوراً روانہ ہو جاتے اور کہتے کہ وہ معاملہ زیادہ اہم ہے میں پھر آجاؤں گا۔ معاملہ فہم قسم کے انسان تھے اور اکثر مسائل کو اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اچھا حل سوچتے جو دونوں فریقین کے لئے قابل قبول ہو۔ اپنی نواسیوں کے رشتوں کے سلسلہ میں خود تشریف لاتے اور ہمدردانہ رائے سے ہمیں مستفید کرتے۔ بہت ہی زیرک انسان تھے۔ اس لئے بات کی تہہ تک پہنچ جاتے تھے۔ اپنے دفتر کے مسائل کو ہم سے شیئر نہ کرتے لیکن ان کے اخلاقی پہلوؤں کے متعلق ضرور بات کرتے۔ 1995ء میں میری خوشدامن کی فوتگی کے بعد میری اہلیہ نے ان کی دوسری شادی 2001ء میں کروادی۔ انہوں نے بھی ان کے آخری ایام میں بیماری کے دوران ان کا بہت ساتھ دیا۔

وہ اپنی شخصیت میں خود تاریخ تھے۔ خوش لباس تھے صرف سفید لباس پہنتے تھے اور ہمیشہ ہمیں بھی کہتے تھے سفید لباس میں انسان کی شخصیت ابھرتی ہے۔

تین ماہ پہلے ناظر اعلیٰ صاحب کو درخواست دی جو میں نے ہی لکھ کر دی تھی کہ میں بغیر معاوضہ کے کام کرنا چاہتا ہوں۔ چنانچہ انہوں نے منظوری بھی دے دی۔ بیماری کے دوران بھی دفتر چکر ضرور لگاتے۔

تین ماہ پہلے بخار میں مبتلا ہوئے۔ پھر ملیریا اور ٹائیفائیڈ کی شکل اختیار کی۔ پہلے 9 دن طاہر ہارٹ میں داخل ہوئے دوبارہ حالات بگڑنے پر عیدالفطر کے دوسرے روز دوبارہ داخل کرایا گیا۔ پھر ان کو شیخ زید ہسپتال لاہور داخل کیا گیا۔ اسی حالت کے پیش نظر ان کے دو بیٹے مبشر ظفر اور طارق ظفر اور بھائی طاہر ظفر بھی جرمنی سے آگئے تھے اور بیٹی بھی انگلینڈ سے آگئی تھی۔ اگرچہ وہ اپنے دفتری امور اپنی طاقت سے بھی زیادہ دلچسپی سے کر رہے تھے۔ تین چار ماہ سے خاموش تھے۔ سب پوچھتے تھے کہ آپ پریشان کیوں ہیں تو کہتے تھے کہ نہیں کوئی بات نہیں خوش رہا کریں۔ سب کو یہی تلقین کرتے تھے لیکن دل ہی دل میں کوئی ایسی بات تھی جو ہم سے آخر تک شیئر نہ کر سکے۔

مورخہ 11 ستمبر 2011ء کو ان کی طبیعت زیادہ خراب ہونے کی وجہ سے شیخ زید ہسپتال کے ICU وارڈ میں داخل کیا گیا اور 12 ستمبر کو 2011ء صبح سوا سات بجے اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بعد نماز جمعہ 7/اکتوبر کو ہمبرگ جرمنی میں غائبانہ نماز جنازہ پڑھائی اور اچھے الفاظ میں ان کو یاد کیا کہ "نہ صرف میرا بلکہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع اور حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے ساتھ ان کا تعلق تھا اور اکثر سیاسی لوگوں سے ملنے کے لئے انہیں بھجوایا کرتے تھے سوشل ورک کرتے تھے اور کافی عرصہ سے جماعت کی خدمت کر رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت کرے اور ان کی اولاد کو صبر جمیل عطا کرے"۔

اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ انہیں کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے اور ان کے تمام لواحقین کو اس صدمہ کے برداشت کرنے کی توفیق عطا کرے۔

تیز رفتاری

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

میں دیکھتا ہوں وہی کام جو میں تھوڑے سے وقت میں کر لیتا ہوں اگر کسی دوسرے کے سپرد کروں تو وہ دوگنا بلکہ بعض دفعہ چوگنا وقت لے لیتا ہے بلکہ بعض کام جو میں دو گھنٹے میں کر لیتا ہوں اگر کسی اور کے سپرد کروں تو وہ 24 گھنٹے خرچ کر دیتا ہے۔

(خطبات محمود جلد 16 ص 836)

مولوی محمد اسماعیل صاحب کی قربانی

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

اخبار الفضل میں ایک واقعہ لکھا تھا کہ مولوی محمد اسمٰعیل صاحب بعض اوقات نمک سے روٹی کھا لیتے تھے۔ حقیقت یہ ہے کہ ریٹائر ہونے کے بعد ان کے گزارہ کی کوئی صورت ہی نہ تھی۔ جو رقم بطور پراویڈنٹ فنڈ اُن کو دی گئی وہ پہلے سے ہی خرچ ہو چکی ہوئی تھی اور اس لئے قرضوں میں چلی گئی اور اس حالت میں کہ جب وہ بوڑھے ہو چکے تھے اور مسلول بھی تھے بعض دفعہ ان کو نمک کے ساتھ روٹی کھانی پڑتی تھی اور اس حالت کو جب ان کی علمی قابلیت کے ساتھ دیکھا جائے تو معلوم ہوسکتا ہے کہ ہم نے کتنا ظلم کیا ہے۔ میں تو پہلے بھی پراویڈنٹ فنڈ کے خلاف باتیں کہتا رہا ہوں مگر ذمہ دار کارکنوں نے اس طرف کوئی توجہ نہ کی لیکن اب جو ایسے واقعات میرے سامنے آئے کہ حضرت مسیح موعود کا ایک (رفیق) جسے ذاتی طور پر علم میں ہمہ دانی کا ایسا مقام حاصل تھا جو شاید ہی جماعت میں کسی اور کو حاصل ہو۔ جماعت میں جو کوئی شخص کوئی تصنیف کرتا تو ان سے ضرور کسی نہ کسی رنگ میں مدد لیتا تھا۔ تو میں نے خیال کیا کہ یہ خطرناک ظلم ہے جو ہم کر رہے ہیں اور اس کے انسداد کی کوئی صورت ہونی چاہئے اس لئے میں نے ایک تجویز یہ پیش کی۔

مولوی صاحب کی امداد کی ایک صورت میرے اختیار میں تھی یعنی تحریک جدید کے فنڈ سے۔ اور میں نے اس سے ان کے لئے ساٹھ روپیہ ماہوار مقرر کر دیئے اور ان کے سپرد یہ کام کیا کہ وہ کچھ تو تحریک جدید کے مجاہدین کو پڑھایا کریں اور کچھ ترجمہ قرآن کریم کے کام میں لغت کے حوالے وغیرہ نکالنے میں میری مدد کریں اور اس طرح میں نے اُن کو فاقہ کشی کی موت سے بچانے کی کوشش کی۔ اگر یہ صورت میرے ہاتھ میں نہ ہوتی تو اُن کو فاقہ کشی کی موت سے بچانے کی کوئی صورت نہ تھی مگر افسوس کہ وہ اس آمد سے بھی تین چار ماہ سے زیادہ عرصہ تک فائدہ نہ اُٹھا سکے۔ گویا یہ صورت بھی اللہ تعالیٰ نے جماعت کو عذاب اور شرمندگی سے بچانے کے لئے پیدا کی تھی ورنہ اگر وہ فاقہ کشی سے فوت ہو جاتے تو جماعت خدا تعالیٰ کے حضور اس کے لئے جواب دِہ ہوتی۔ پس ایسے واقعات کو دیکھ کر میں نے سمجھا کہ جتنی جلدی ہو سکے جماعت کو اس شرمندگی سے بچانے کی کوشش کی جائے اس لئے میں نے یہ تجویز مشاورت میں پیش کرنے کے لئے بھیج دی۔

(خطاباتِ شوریٰ جلد 2 ص 461)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 108066 میں فیضان ظفر بھٹی

ولد محمد ظفر بھٹی قوم بھٹی پیشہ طالبعلم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ضلع حیدر آباد پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 10-11-15 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔فیضان ظفر بھٹی گواہ شد نمبر 1 محمد ظفر بھٹی ولد محمد شریف بھٹی گواہ شد نمبر 2 شاہد احمد کھوکھر ولد غلام رسول

مسل نمبر 108067 میں مریم صدیقہ

زوجہ نصیر الدین قوم راجپوت پیشہ ملازمت عمر 52 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ربوہ ضلع چنیوٹ پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 11-07-10 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) جیولری گولڈ 1 تولہ مالیت-/45000 روپے (2) حق مہر مالیت-/6000 روپے۔اس وقت مجھے مبلغ-/4000 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ۔مریم صدیقہ گواہ شد نمبر 1 کاشف شہزاد ولد مبارک احمد گواہ شد نمبر 2 نصیر الدین ولد حسن الدین

مسل نمبر 108068 میں خدیجہ نصیر

بنت نصیر الدین بھٹی قوم راجپوت پیشہ طالبعلم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ربوہ ضلع چنیوٹ پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 11-07-13 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔خدیجہ نصیر گواہ شد نمبر 1 محمد ادریس ولد محمد یعقوب گواہ شد نمبر 2 مجیب الدین ولد نصیر الدین بھٹی

مسل نمبر 108069 میں رافع سہیل

ولد مرزا سہیل احمد قوم مغل پیشہ طالبعلم عمر 26 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن گوجرانوالہ کینٹ ضلع گوجرانوالہ پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 10-11-01 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/12000 روپے سالانہ آمد از جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔رافع سہیل گواہ شد نمبر 1 عبدالمجید بھٹی ولد محمد رمضان بھٹی گواہ شد نمبر 2 وحید احمد فرخ ولد محمد یوسف

مسل نمبر 108070 میں ولی احمد شاہ

ولد سید رشید احمد قوم سید پیشہ پرائیویٹ ملازمت عمر 37 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ضلع لاہور پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 11-08-18 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) زمین از ترکہ واقع گجرات مالیت...... اس وقت مجھے مبلغ-/36,500 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ولی احمد شاہ گواہ شد نمبر 1 عمر بن شاہد گواہ شد نمبر 2 عامر بن شاہد

مسل نمبر 108071 میں بلال آصف

ولد محمد آصف قوم جٹ پیشہ طالبعلم عمر 20 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ضلع لاہور پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 11-07-29 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/600 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔بلال آصف گواہ شد نمبر 1 اثمار احمد ولد شاہد احمد گواہ شد نمبر 2 نایاب احمد ظافر ولد ناصر احمد

مسل نمبر 108072 میں فرزان ودود

ولد آفتاب احمد قوم آرائیں پیشہ طالبعلم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن لاہور کینٹ ضلع لاہور پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 11-05-01 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔فرزان ودود گواہ شد نمبر 1 مبشر احمد ولد چوہدری منور احمد گواہ شد نمبر 2 آفتاب احمد ولد چوہدری بشیر احمد مجاہد

مسل نمبر 108073 میں آصفہ النساء

بنت حاجی محمد اسلم قوم اعوان پیشہ طالبعلم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن Ruto Chha ضلع چکوال پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 11-07-24 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں ۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ۔آصفہ النساء گواہ شد نمبر 1 محمد حسین غضنفر ولد احمد دین گواہ شد نمبر 2 رافیل اسلم ولد حاجی محمد اسلم

مسل نمبر 108074 میں طاہرہ پروین

بنت محمود احمد کھوسہ بلوچ قوم کھوسہ پیشہ خانہ داری عمر 24 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نفیس نگر ضلع میر پور خاص پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 11-06-15 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ۔طاہرہ پروین گواہ شد نمبر 1 راشد احمد گجر ولد محمود احمد گجر گواہ شد نمبر 2 نوید احمد ولد محمود احمد

مسل نمبر 108075 میں حفیظہ

بنت محمد ابراہیم بلوچ قوم کھوسہ پیشہ خانہ داری عمر 20 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نفیس نگر ضلع میر پور خاص پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 11-06-15 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے الامتہ۔حفیظہ گواہ شد نمبر 1 مقصود احمد بلوچ ولد محمود احمد بلوچ گواہ شد نمبر 2 محمد اسمعیل ولد محمد ابراہیم بلوچ

مسل نمبر 108076 میں فوزیہ

بنت محمود احمد کھوسہ بلوچ قوم کھوسہ پیشہ خانہ داری عمر 23 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نفیس نگر ضلع میر پور خاص پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 11-06-15 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ۔فوزیہ گواہ شد نمبر 1 محمود احمد ولد خدا بخش گواہ شد نمبر 2 فرھود احمد بلوچ ولد محمود احمد بلوچ

مسل نمبر 108077 میں رشیدہ

زوجہ محمود احمد گجر قوم گجر پیشہ خانہ داری عمر 46 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نفیس نگر ضلع میر پور خاص پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 11-06-15 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) جیولری گولڈ 7.5 گرام مالیت...... (2) بھنیس مالیت-/10,000 روپے (3) زرعی زمین 0.5Acre Arim Nagar مالیت-/50,000 روپے اس وقت مجھے مبلغ-/600 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں ۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے الامتہ۔رشیدہ گواہ شد نمبر 1 راشد احمد ولد محمود احمد گواہ شد نمبر 2 محمود احمد گجر ولد دل محمد گجر

مسل نمبر 108078 میں نائلہ صدف

بنت رانا محمد جمیل قوم راجپوت پیشہ خانہ داری عمر 22 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نفیس نگر ضلع میر پور خاص پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 11-06-15 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ۔نائلہ صدف گواہ شد نمبر 1 رانا محمد جمیل ولد مراد خاں گواہ شد نمبر 2 میاں

رفیق احمد آرائیں ولد کرم الٰہی

مسل نمبر 108079 میں منزہ

